© rasailojaraid.com



# خبر نامہ ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی

☆ صدرِ ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کی تازہ ترین تصنیف ’اسلام۔ انسانی حقوق کا پاسبان‘ (شائع کردہ: مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی، صفحات: ۱۷۲، قیمت: -/۵۵) کو علمی حلقوں میں قدرو منزلت کی نظر سے دیکھا گیا ہے اور مختصر عرصے میں اس کے دو ایڈیشن منظر عام پر آ گئے ہیں۔ اصحابِ علم و تحقیق، سماجی کارکنوں اور انسانی حقوق کے موضوع سے دل چسپی رکھنے والوں نے اس کے بارے میں عمدہ تاثرات کا اظہار کیا ہے۔ سطورِ ذیل میں ایک تاثراتی مکتوب شائع کیا جا رہا ہے جو ملک کے مشہور دانش ور اور ماہر تعلیم جناب سید حامد صاحب کا ہے۔ موصوف علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر، جامعہ ہمدرد نئی دہلی کے چانسلر اور ہمدرد ایجوکیشن سوسائٹی نئی دہلی کے سکریٹری ہیں:

۲۸/مئی، ۲۰۰۵ء، تعلیم آباد، سنگم وہار، نئی دہلی-۲۵

محترمی و مکرمی سلام و امتنان

آپ کی ہر تصنیف اس احترام اور عقیدت میں اضافہ کر دیتی ہے جو میرے دل میں آپ کے لیے ہے۔ ”اسلام - انسانی حقوق کا پاسبان“ دیکھ کر یہ تاثر اور گہرا ہو گیا۔ اسلام انسانی حقوق کی نگہبانی کس قدر جامعیت اور ہمہ جہتی کے ساتھ اور کس کس طریقے سے کرتا ہے، یہ جان کر بڑی خوش گوار حیرت ہوئی اور حسرت بھی کہ جس کے پاس سب کچھ ہو وہ خود کو مفلس سمجھتا رہے۔ نادم ہوں کہ عمر لہو و لعب اور مکروہاتِ زمانہ اور لایعنی مشاغل میں گزر گئی اور تیرہ بختی نے ہدایت کے سرچشمے سے دور دور رکھا۔

زیرِ نظر کتاب نے روشن وضاحت کے ساتھ حقوق کی درجہ بندی کی ہے اور ثابت کیا ہے کہ مخلوق کے حقوق کا تحفظ خالق کے حق کو فراموش کرنے کے بعد ممکن ہی نہیں۔ حقوق کے قانونی اور اخلاقی ابعاد کا تذکرہ دل و دماغ میں پیوست ہو جانے والی صراحت و سلاست کے ساتھ کیا گیا ہے۔ آپ کے اسلوب میں نرم استدلال ہے، سخت



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


قطعیت اور حتمیت کی، جو قاری کو گراں گزرے، اس میں گنجائش ہی نہیں۔ اس پر آشوب اور خیرہ کن اور مرعوبیت آور دور میں اسلام کی صحیح ترجمانی آپ کو تفویض ہوئی ہے اور آپ اس کا حق ادا کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے علم کو مزید وسعت اور آپ کے جذبۂ خدمت کو مزید صلابت عطا فرمائے۔ والسلام۔

ہمہ سپاس، خیر اندیش

سید حامد

☆ مولانا سید جلال الدین عمری کے قلم سے بعض علمی و دینی کتابوں پر تبصرے شائع ہوتے رہے ہیں اور انھوں نے بعض کتابوں پر 'پیش لفظ' لکھے ہیں۔ رکنِ ادارہ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے انھیں مرتب کر دیا ہے (ضخامت تقریباً ستر صفحات) کتابی صورت میں اس مجموعہ کی اشاعت سے جہاں ایک طرف مختلف علمی و دینی موضوعات پر اہم تصنیفات کا تعارف سامنے آسکے گا، وہیں ان کتابوں کے موضوعات کے حدود و ابعاد سے بھی واقفیت ہو سکے گی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی اشاعت کی کوئی سبیل پیدا فرمائے۔

☆ مولانا سلطان احمد اصلاحی رکنِ ادارہ کی کتاب 'اسلام اور آزادیٔ فکر و عمل' مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے گزشتہ سال شائع ہوئی تھی (صفحات: ۱۳۶، قیمت: -/۳۵ روپے) اس میں تفصیل سے اس بات کا جائزہ لیا گیا ہے کہ اسلامی ریاست میں رہنے والے غیر مسلموں کو اسلام کن حقوق سے نوازتا ہے اور انھیں کن میدانوں میں کتنی آزادی عطا کرتا ہے؟ مولانا نے ایک دوسری کتاب 'اسلام ۔ ایک نجات دہندہ تحریک' کے عنوان سے مکمل کر لی ہے۔ اس میں سماج کے مختلف طبقات پر اسلام کے احسانات اور زندگی کے مختلف پہلوؤں میں اس کی رہنمائی کو واضح کیا گیا ہے۔ امید ہے یہ کتاب بھی مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے جلد شائع ہوئے گی۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



☆ مشہور شامی عالم ڈاکٹر محمد سعید رمضان البوطی کی تصنیف 'فقہ السیرۃ النبویۃ' کو عالم عرب میں غیر معمولی مقبولیت حاصل ہوئی ہے اور اس کے ایک درجن سے زائد ایڈیشن شائع ہوئے ہیں۔ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کے قلم سے اس کا اردو ترجمہ مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی نے 'سیرت رسول - دروس اور نصائح' کے نام سے شائع کیا ہے۔ اس کتاب میں واقعات سیرت کو باختصار بیان کر کے ان سے دروس، نصائح، نتائج اور احکام مستنبط کیے گئے ہیں۔ اس طرح واقعاتِ سیرت کے مطالعہ کے بعد قاری کو یہ بھی رہ نمائی ملتی ہے کہ کس واقعہ میں اس کے لیے کیا نصیحت ہے؟ (صفحات: ۴۹۶، قیمت -/۱۶۰ روپے)

☆ مولانا محمد جرجیس کریمی رکنِ ادارہ کی تصنیف 'جرائم اور اسلام - انسداد کی تدابیر اور علاج' ابھی حال میں مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب میں موجودہ دور میں جرائم کی صورتِ حال، ان کے اسباب و نتائج اور ان کے انسداد میں موجودہ قوانین کی ناکامی کو واضح کیا گیا ہے، پھر جرم و سزا کے بارے میں اسلامی نقطۂ نظر پیش کرتے ہوئے تفصیل سے اسلام میں انسداد جرائم کی تدابیر اور علاج بیان کیا گیا ہے۔ (صفحات: ۲۲۴، قیمت: ۸۵ روپے)

☆ کارکنانِ ادارہ، منتظمہ کی طرف سے طے کیے گئے موضوعات خاموشی اور یکسوئی کے ساتھ تحقیق و تصنیف میں مصروف ہیں۔ مولانا سلطان احمد اصلاحی نے 'اسلام میں بچوں کے حقوق' کو غور و فکر اور تحقیق کا موضوع بنایا ہے۔ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی 'مسلم سماج میں مسرفانہ رسوم اور اسلامی تعلیمات' کے موضوع پر کام کر رہے ہیں اور 'بعض مسلم فرقوں کے افکار' کا موضوع مولانا محمد جرجیس کریمی کے زیرِ مطالعہ و تحقیق ہے۔ اس کے علاوہ سیمناروں اور علمی مذاکروں میں بھی کارکنانِ ادارہ کی شرکت رہتی ہے اور مختلف دینی موضوعات پر ان کے مضامین بھی رسائل و مجلات کی زینت بنتے ہیں۔

☆☆☆



© rasailojaraid.com